صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 02 اگست 2022ء بمطابق 03 محرم الحرام 1444 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

قٰلَ کَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِی الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِیۡنَO قَالُوۡا لَبِثۡنَا یَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ یَوۡمٍ فَسۡـَٔلِ الۡعَآدِّیۡنَ Oقٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِیۡلًا لَّوۡ اَنَّکُمۡ کُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ Oاَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰکُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّکُمۡ اِلَیۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ O فَتَعٰلَی اللّٰہُ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡکَرِیۡمِ Oوَمَنۡ یَّدۡعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰـہًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرۡہَانَ لَہٗ بِہٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ عِنۡدَ رَبِّہٖ ؕ اِنَّہٗ لَا یُفۡلِحُ الۡکٰفِرُوۡنَ Oوَقُلۡ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ۔

(ترجمہ): پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا۔ "بتاؤ، زمین میں تم کتنے سال رہے؟" وہ کہیں گے "ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھہرے ہیں شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے۔" ارشاد ہو گا۔ "تھوڑی ہی دیر ٹھہرے ہونا، کاش تم نے یہ اُس وقت جانا ہوتا۔ کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟" پس بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، کوئی خدا اُس کے سوا نہیں، مالک ہے عرش بزرگ کا۔ اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے، جس کے لئے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے ایسے کافر کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔ اے محمدؐ، کہو، "میرے رب در گزر فرما، اور رحم کر، اور تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے"۔

جناب مسند نشین: جزاکم اللہ، جی میڈم۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ، جناب چیئر مین صاحب۔ کل جو حادثہ ہوا ہے اور اس میں جنرل سر فراز اور ان کے ساتھ کافی ہماری افواج پاکستان کے جو آفیسرز تھے اور حادثے میں ان کی شہادت ہوئی تو ہم ایک ایسے مطلب فوجی آفیسر سے اور، جی کنفرم ہے، کوئٹہ میں تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ ایک افواج پاکستان کے لئے بھی اور پاکستان کے لئے بھی، کیونکہ جنرل جب بنتے ہیں تو بڑی محنت ہوتی ہے، بڑی محنت سے بنتے ہیں اور ایک Brain ہوتے ہیں آرمی کے، تو اس کے لئے ان کی شہادت پہ یہ ایوان تعزیت بھی کرتا ہے اور ان کے لئے میں چاہتی ہوں کہ آپ کسی کو کہہ کر تو ان کی مغفرت کے لئے ان کے اعلیٰ درجات کے لئے، ان کی آگے قبر میں آسانیوں کے لئے ان کے لئے دعا کروائیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور اللہ تعالیٰ ان کی بخشش فرمائے۔ شکریہ۔

جناب مسند نشین: عبدالسلام صاحب، آپ دعا فرمائیں۔

جناب محمد عبدالسلام: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سب سے پہلے تو ایک دفعہ الحمد للہ، تین دفعہ قل هو الله أحد اور اللهم صلی۔

(اس مرحلہ پر فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب محمد عبدالسلام: اللہ تعالیٰ تمام شہداء کے درجات بلند کرے، اللہ تعالیٰ آگے پاکستان کے لئے خیر کے موقع پیدا کرے، اللہ تعالیٰ اس طرح کے نقصانات سے پاکستان کو بچائے کیونکہ یہ بہت بڑا سانحہ ہوا، پاکستان کے لئے بہت زیادہ نقصان کا باعث بنا یہ، اللہ تعالیٰ ایسے نقصانات سے پاکستان کو بچائے۔

جناب مسند نشین: جی، میاں نثار گل صاحب۔

رسمی کارروائی

میاں نثار گل: تھینک یو سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ آج آپ نے دیکھا ہوگا کہ تقریباً ایک بجے سے پورے اسمبلی سیکرٹریٹ کے باہر جلسے جلوس ہو رہے ہیں، پورے صوبے کے میئر، منتخب چیئر مین آئے ہوئے تھے، وہ اس احتجاج پہ تھے کہ ہم منتخب نمائندے ہیں پورے صوبے کے اور ہمیں فنڈ بھی نہیں دیا جا رہا ہے، اختیارات بھی کم ہوتے جا رہے ہیں، آپ کو پتہ ہوگا کہ میرے خیال میں پوری سڑک بند تھی اور ہم چور دروازوں سے اسمبلی میں آگئے، ہم خود ان کے پاس گئے ہوئے تھے۔ سپیکر صاحب، آپ کی وساطت سے

میری حکومت سے یہ درخواست ہوگی کہ جب بلدیات کا ایکٹ ادھر پاس ہوا، پھر اس میں تین دفعہ ترامیم ہو گئیں، وہ یہ احتجاج کر رہے ہیں کہ ہم اپنے میئر، کسان کونسلر، چیئرمین جتنی بھی ہیں کہ ہمیں اپنا حق نہیں دیا جارہا، برائے مہربانی ان کیساتھ مذکرات کر لیں کیونکہ پورا پشاور اگر یہ روڈ بند ہو تو لوگوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے، وہ مذاکرات کیلئے راضی ہیں، کہتے ہیں کہ حکومتی کوئی بھی بندہ ہو جو ہمارے ساتھ مذاکرات کرلے، تو ہمارے جو اختیارات ہیں یا جو فنڈز ہیں وہ بحال ہونے چاہئیں کیونکہ ہم نے تین چار سال قوم کو جواب دینا ہوتا ہے، میں آپ سے امید کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ حکومت اس پہ سوچے گی اور بابک صاحب بھی میرے خیال میں میرے بعد گئے ہوئے تھے، اس پہ وہ بھی بات کریں گے، برائے مہربانی اس مسئلے پہ سوچیں کیونکہ وہ ان لوگوں کو ووٹ دیا گیا ہے اور ووٹ سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ شکریہ جی۔

<u>جناب مسند نشین:</u> سردار صاحب۔

<u>سردار محمد یوسف زمان:</u> شکریہ جناب چیئرمین صاحب، میاں صاحب نے جو بات کی، واقعی بڑا اہم مسئلہ ہے کہ جو لوگ منتخب ہو کر آئے ہیں یا جس ایکٹ کے تحت ان کو اختیارات دیئے گئے تھے اور ابھی اختیارات ان کو ختم کر کے، یہ تو اس ایوان کی Insult ہے جو اتنا بڑا الیکشن لڑ کر آئے ہیں، بعض تحصیلیں جو ہیں قومی اسمبلی کے حلقے کی برابر ہیں اور یہ بڑا اچھا قدم اٹھایا ہے کہ ڈائریکٹ الیکشن ہوا ہے، بالکل جو اچھی بات ہے حکومت کی، اس کو Appreciate بھی کرنا چاہیئے لیکن اس کے ساتھ ہی ان کو اختیارات بھی دینے چاہئیں۔ اب ایک تحصیل جو کہ قومی، صوبائی اسمبلی کے حلقے کی برابر ہے، کوئی قومی اسمبلی کے حلقے کی برابر ہے اور ڈائریکٹ الیکشن لڑے ہیں اور اس کے بعد ان کے اختیارات ختم کر دیئے جاتے ہیں، تو یہ عوامی مینڈیٹ کی بھی توہین ہے، اس لئے ان کے جو جائز مطالبے ہیں، ان کے ساتھ مل بیٹھ کر وہ مطالبے ان کے ماننے بھی چاہئیں اور حل بھی کرنے چاہئیں۔ اس وقت جو پوزیشن ہے، بہت سارے جو پریزائڈنگ آفیسرز یا کنوینئرز جو کہ منتخب ہونے سے، وہ بھی منتخب نہیں ہوئے، اب پہلے یہ تھا، سننے میں آیا تھا ایکٹ میں کہ وہ سلیکٹ ہوں گے لیکن اس کے بعد جی ان کے انتخابات ہوں گے تو وہ بھی ابھی تک نہیں ہوئے، جس کی وجہ سے بڑا لیت ولعل سے حکومت کام لے رہی ہے، تو یہ جو اس طرح کے ادارے ہیں، اس کا مقصد ہی یہی تھا کہ لوکل کونسل کی سطح پر نچلی سطح پر عوام کو اختیارات دیئے گئے اور ان کو مستفید بھی کیا جارہا ہے، اب اس کو اگر Amend کر کے بیوروکریسی کے ماتحت کر دیا جائے تو فائدہ کیا ہے؟ اس کا تو کوئی فائدہ بھی نہیں، تو میں

یہ کہہ رہا تھا کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے،اس پر حکومت فوری طور پر توجہ دے اور مسئلہ بیٹھ کر حل کرے۔ بڑی خوش قسمتی ہے، وزیر اعلیٰ صاحب خود موجود ہیں تو اس کے لئے فوری طور پر قدم اٹھایا جائے۔ شکریہ۔

جناب مسند نشین: جی بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه، جناب چیئرمین صاحب۔ چیئرمین صاحب، څنګه چې میاں صاحب خبره اوکړه یا سردار صاحب خبره اوکړه، د ټولې صوبې منتخب ناظمان په احتجاج دی او د اسمبلئ مخې ته هغوی احتجاج اوکړو۔ جناب سپیکر، پکار خو دا وه چې حکومت هغوی له تلے وے یا حکومت هغوی له وفد لیږلے وے او هغوی سره ناست وے، د هغې وجه دا ده چې په دې صوبه کښې هسې هم مونږ روټین کښې ګورو چې روزانه د اسمبلئ مخې ته احتجاجونه کیږی، مونږ اونه لیدل چې یا د حکومت ذمه وار خلق تلے وی هلته، هغوی سره ناست وی، خبره ورسره اوکړی، بلکه دا مناسب هم نه ګنړی۔ نن چې د ټولې صوبې منتخب د قامی حکومتونو نمائندګان په احتجاج دی نو د هغوی غوښتنه آئینی ده، د پاکستان آئین آرټیکلA 140 دا لوکل ګورنمنټ له دا اختیار ورکړے دے چې دا سیاسی اختیار، انتظامی اختیار او مالی اختیار، دا هغوی له آئین ورکړے دے۔ جناب چیئرمین صاحب، مونږ دلته اوکتل چې بیا دلته د پی ټی آئی لیډران او د پی ټی آئی حکومت چې په سټیج اودریږی، بیا وائی چې مونږ اختیارات لاندې سطح له ورکړل، بیا وائی چې مونږه اختیار چې دے هغه لاندې انتقال کړو، مونږه منتقل کړو جناب چیئرمین صاحب، تاسو اوګورئ چې مونږ اکتالیس بیالیس تریتالیس امنډمنټس چې کوم لوکل ګورنمنټ ایکټ دے، حکومت جوړ کړے دے په خپل حکومت کښې، هغه ترامیم اوکړل، د هغې لاندې ناظمانو سره یا مقامی حکومتونو سره د کلاس فور د ټرانسفر اختیار نشته، هغه منتخب خلق که د هرې پارټئ دے، جناب چیئرمین صاحب، مونږ او تاسو ټول منتخب خلق یو، هر سحر اولس زمونږ او ستاسو په هجرو کښې ناست وی، هم دغسې د هغه خلقو په هجرو کښې ناست وی، دا ډیر لوئے ظلم دے۔ صوبائی حکومت چې د مقامی حکومتونو په حواله باندې کومه غیرسنجیده رویه خپله کړې ده جناب چیئرمین صاحب، دا خطرناکه ده، پکار دا ده چې صوبائی حکومت نن وزیر اعلیٰ صاحب هم دلته راغلے دے، محترم ناست دے، مونږ د

دې موقعې نه هم فائده واخلو، د آئين کاپي به ټول راواخلو، دا پاکستان په آئين چليږی او پکار ده چې مونږ ټولو دلته د پاکستان د وفاداریٔ حلف پورته کړے دے چې بيا په هغه آئين باندې عمل درآمد يقينی کول دا د دې اسمبلیٔ د ايک سو پينتاليس (145) ممبرانو اخلاقی هم ذمه داری ده او سياسی هم ذمه داری ده، آئينی هم ذمه داری ده۔ جناب چيئرمين صاحب، تاسو نن اوګورئ چې دغه منتخب ممبران د ټولې صوبې دا که د ويليج کونسل ممبران دی، دا که د ويليج کونسل چيئرمينان دی، دا که د تحصيل ناظمان يا ميئرز دی، جناب چيئرمين صاحب، پکار نه ده، پکار نه ده چې صوبائی حکومت هغه لاندې مقامی حکومتونو ته Dictation اوکړی، ماورائے آئين اقدامات اوکړی، دا څومره امنډمنټس چې دوئ کړی دی جناب چيئرمين صاحب، دا غير آئينی دی، آيا چې پاکستان په آئين نه چليږی، صوبائی حکومت په آئين نه چليږی، اسمبلی په آئين نه چليږی نو ولې د دې ملک نه راجواړه جوړوی، دا خلق ولې، دا ښار ناپرسان دے؟ جناب چيئرمين صاحب، تاسو اوګورئ چې

"140A: Each Province shall, by law, establish a local government system and devolve political, administrative and financial responsibility"

صوبائی حکومت، د پی ټی آئی حکومت چې سحر او ماښام په ميډيا ناست دی چې مونږ لاندې اختيارات منتقل کړل، زه د صوبې څلور کروړو عوامو ته وئيل غواړم چې دا صوبائی حکومت ماورائے آئين اقدام کول او دا د پاکستان آئين دے چې زما په لاس کښې دے، نن که د دې ټولې صوبې منتخب ممبران راپاڅيدلی دی، مهذبه احتجاج کوی، جمهوری احتجاج کوی، آئينی غوښتنه کوی، د صوبائی حکومت اخلاقی ذمه داری جوړيږی چې نن دلته اعلان اوکړی چې هغوی ته فنډز هم ريليز کړی او چې کوم اختيار آئين لاندې مقامی حکومتونو له ورکړے دے، هغه که د پی ټی آئی ممبران دی، هغه که د جميعت ممبران دی، هغه که د اے اين پی ممبران دی، هغه که د هرې پارټئ ممبران دی، ماته پته ده چې زما د دې سوال په جواب کښې به ما له حکومت دا جواب راکوی چې دا انتخابات خو هيچا نه وو کړی، مونږ اوکړل، مونږ درته شاباش وايو چې دا انتخابات تاسو اوکړل خو مهربانی اوکړئ ماورائے آئين اقدامات مه کوئ او

دا آئین د پاکستان چې دا یو مقدس ډاکیومنټ په دې شکل دے چې دا د دې ملک د چلولو یو ډسپلن دے، زما طمع ده ان شاءالله که خیر وی چې نور به صوبائی حکومت ماورائے آئین اقدامات نه کوی او دې مقامی حکومتونو له به خپل آئینی اختیار ورکوی، جناب چیئرمین صاحب۔

جناب مسند نشین: تھینک یو جی، شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): یو منټ جی، یو منټ۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب مسند نشین: تاسو پارلیمانی لیډر دغه اوکړو کنه۔

وزیر محنت وثقافت: دا خو په پوائنټ آف آرډر باندې دے، ستاسو کوئسچن لا نه دے راغلے۔

جناب مسند نشین: بس شارټ غوندې څه اوکړه، شارټ۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ډیره د خوشحالئی خبره ده، زمونږ ګران چیف منسټر صاحب تشریف راوړے دے، که تاسو ته معلومه وی د بجټ دوران کښې د رولنګ پارټئی ډیر محترم منسټران صاحبان، ممبران راغلی وو د اپوزیشن چیمبر ته، اکرم درانی صاحب سره، مونږه یوه خبره طے کړې وه هلته، پارلیمانی لیډران هم ناست وو، د حکومت د طرف نه دا Offer شوے وو چې یره دا بجټ ډیر ښه طریقې سره چې مونږه پاس کړو نو ان شاء الله چې کوم Commitments مونږه Already کړی دی نو هغه Commitments به هم مونږ Honor کوؤ ان شاء الله او په هغه سلسله کښې یو کمیټی جوړه شوه او د اپوزیشن د طرف نه د هغه کمیټئی زه چیئرمین یم او د رولنګ د پارټئی د طرف نه عاطف خان دے، زمونږه ګران چیف منسټر صاحب سره د هغوی چیف منسټر هاؤس کښې میټنګ اوشو، بیا ما دوه درې ځل عاطف خان سره هم رابطه اوکړه، هغه بله ورځ هم رابطه شوې ده، نو زه به د وزیر اعلیٰ صاحب نوټس کښې راولم چې کوم Commitment تاسو کړے وو اپوزیشن سره نو مهربانی اوکړئ هغه Honor کړئ ځکه چې دا ټول زمونږ په شریکه باندې حکومت دے او دا کوم فنډ راځی یا کوم تاسو ورکوئ ترقیاتی، دیکښې زمونږ Equal یوه حصه ده، مونږه

هم د دې پختونخوا Elected خلق یو، راغلی یو دې اسمبلئی ته، نو مهربانی اوکړئ چې تاسو کوم Commitment مونږ سره کړے دے، اپوزیشن سره، هغه Honor کړئ۔ ډیره مهربانی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: تھینک یو۔ جی شوکت یوسفزئی۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: جناب سپیکر، بہت شکریہ۔ میرے بھائیوں نے لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے باتیں کیں، میں یہ نہیں کہوں گا کہ اے این پی نے اپنے دور میں الیکشنز نہیں کرائے یا جس طرح بابک صاحب نے خدشے کا اظہار کیا، ہم کوئی یہ نہیں کہنا چاہتے، نہ اس کی ضرورت ہے کہ مسلم لیگ نے کیوں نہیں کرائے، اے این پی نے کیوں نہیں کرائے؟ ضرورت ہی نہیں ہے اس کی، ہم نے ایک بلدیاتی الیکشن ضرور دیکھا ہے، سندھ کے اندر، پنجاب میں بھی پھر ہم نے دیکھا اور وہاں آپ دیکھیں جناب سپیکر، کہ سندھ میں جو چار سال ایک میئر صاحب رہے تھے، ان کو Garbage اٹھانے کا بھی اختیار نہیں تھا، یہاں تو اللہ کے فضل سے اس حکومت کو چالیس ارب روپے بلدیات کو ملیں گے اور یہ پہلی دفعہ ہے کہ ویلج کونسل لیول تک لوگوں کو مستحکم کیا جارہا ہے، ان سے کہا جارہا ہے کہ وہ لوگوں کے مسائل حل کریں، لوگوں کی دہلیز پر ان کے مسائل حل کریں، ترقیاتی کام کریں، یہ ہم کن کھاتوں میں پڑے ہوئے ہیں کہ جی ان کے پاس سائن کا اختیار نہیں ہے، ان کے پاس پوسٹنگ ٹرانسفر کا اختیار نہیں ہے، بھئی سائن کا اختیار تو منسٹر کے پاس بھی نہیں ہے، ہم جب اپنی سکیمیں دیتے ہیں جناب سپیکر، تو وہ تو کوئی ہمارے پاس تو سائن کا اختیار نہیں ہے، وہ تو فورم کرتا ہے ایک، اسی طرح ان کو یہ اختیار ہے کہ وہ اپنی سکیمیں دیں اور ایک فورم اس کے لئے بنایا گیا ہے، اسی فورم کے اندر رہیں اور بجائے اس کے کہ ان کو ان کھاتوں میں لگایا جائے کہ آئیں احتجاج کریں، کیونکہ ترامیم آرہی ہیں جناب سپیکر، ہم زندہ قوم ہیں، قانون بنتا ہے، قانون میں ترامیم آتی ہیں، جس انداز سے انتخابات کرائے گئے تھے، آپ کو یاد ہوگا کہ قانون ہم نے ایک بنایا اور آرڈر آیا کہ جی دوسرے قانون کے تحت الیکشنز کرائیں اور الیکشن کمیشن نے اس وقت ہماری ایک بھی نہیں سنی، ہم اس وقت چاہتے تھے کہ جو سپریم کورٹ کا آرڈر آیا، اسی کے مطابق قانون بنے لیکن کمیشن نے نہیں کہا، انہوں نے کہا کہ الیکشن کراؤ، ہم نے پھر بھی کرایا، تو ظاہر ہے جناب سپیکر، الیکشن قانون ایک بنا تھا، الیکشن دوسرے قانون کے تحت ہوا، تو اس میں تو پھر Sequence پیدا کرنا، تو اس میں ترامیم لانی ہیں، اسی لئے تو پھر وہ سسٹم چلے گا، تو میرے خیال سے جناب سپیکر، مجھے اس بات سے کہ ان کے پاس اختیار نہیں ہے، سائن کا نہیں ہے، ویسے ہی لوگوں کو احتجاج پہ نہ اکسایا جائے، یہ صوبہ غریب صوبہ ہے، مشکلات میں گھرا ہوا صوبہ

تھا، اب اللہ کے فضل سے یہاں صوبہ چل پڑا ہے، سرمایہ کاری آنے لگی ہے، ماحول بہتر ہونے لگا ہے، لوگوں کا Confidence بحال ہو رہا ہے، تو اس پہ تو جناب سپیکر، ہونا یہ چاہیئے کہ ہم ان کے ساتھ مدد کریں، ان کو سپورٹ کریں تاکہ لوگوں کے مسائل حل ہوں۔ اگر ان کو ہم ان چیزوں پہ لگا دیں کہ آ جائیں آپ کا یہ فلاں اختیار نہیں ہے، آپ کے پاس فلاں اختیار نہیں ہے تو جناب سپیکر، اس طرح یہ جو اس کا جو بنایا گیا یہ سسٹم، کہ لوگوں کو فائدہ ہو، لوگوں کو اس سے فائدہ پھر نہیں ہو گا، تو میرے خیال سے، اور دوسری بات جناب سپیکر، کہ ہم کوئی ترمیم کر رہے ہیں تو کیا اپوزیشن کے لئے الگ کر رہے ہیں، حکومت کے لئے الگ کر رہے ہیں؟ یہ تو ہمارے بھی تو ناظمین ہیں، ہمارے بھی اکثریت ہمارے ممبران ہیں، تو یہ بات کہنا کہ اپوزیشن سے حق چھینا جا رہا ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے جناب سپیکر، ایک ہی قانون پورے صوبے کے لئے بنایا جا رہا ہے اور چیک اینڈ بیلنس لازمی ہے، بہتر سے بہتر نظام لایا جا رہا ہے تاکہ ان کا چیک اینڈ بیلنس بھی ہو اور لوگوں کے مسائل بھی حل ہوں اور چالیس بلین روپے دینا میرے خیال سے، میں سب سے ریکویسٹ کروں گا کہ ہم سپورٹ بھی کریں ان کو، اور یہ چالیس بلین روپے ہم ریلیز بھی کر رہے ہیں اور یہ عوام پہ خرچ بھی ہونا چاہیئے، تو میرے خیال سے یہ جو خوشدل خان صاحب نے بات کی، بالکل ہم اس پہ عاطف خان صاحب، ہم نے اس پہ بحث کی ہے، یہ واحد صوبہ ہے جناب سپیکر، کہ اس میں وہ زیادتیاں نہیں ہوئی ہیں جو سندھ کے اندر آج بھی ایک Penny اپوزیشن کے ممبران کو نہیں دی گئی اور یہ ریکارڈ پہ تھا کہ جب ہمارے ممبران تھے، جس وقت پنجاب میں نون لیگ کی حکومت تھی، اس وقت ان کو فنڈ نہیں دیا گیا، تو ہم اس پہ نہیں جانا چاہتے، ہماری اپنی روایات ہیں، اس صوبے کی روایات کے مطابق ہم اپوزیشن کو Accommodate کریں گے ان شاء اللہ، کیونکہ وہ منتخب ہو کر آئے ہیں، بالکل ہمیں احترام ہے اور ان شاء اللہ وتعالیٰ جو Commitment کی ہے، اس کو پورا کریں گے۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب مسند نشین</u>: تھینک یو، ہم یہاں پہ پشاور یونیورسٹی کے، پشاور سے مختلف یونیورسٹیز کے جرنلزم کے سٹوڈنٹس ہیں، ڈیجیٹل میڈیا کے سٹوڈنٹس ہیں، یہاں پہ آئے ہوئے ہیں، ان کو اسمبلی آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

(تالیاں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

<u>جناب مسند نشین</u>: کوئسچنز آور: کوئسچن نمبر 15339، محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ۔

* 15339 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ چھ سالوں میں PK-64 میں کتنے سکول بنائے گئے؛

(ب) PK-64 میں کن کن سکولوں کو کس بنیاد پر بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم) (جواب وزیر محنت وثقافت نے پڑھا): (الف) گزشتہ چھ سالوں میں PK-64 میں چھیالیس سکول Upgrade / نئے بنائے گئے ہیں جن کی تفصیل لف ہے۔(تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی)۔

(ب) گزشتہ چھ سالوں میں PK-64 میں کسی بھی سکول کو بنیادی سہولیات سے محروم نہیں رکھا گیا ہے، تمام سکولوں میں کمرے، بجلی، واش رومز اور پانی کی بنیادی سہولیات دستیاب ہیں۔

نمبر شمار	سکولز	لیول	اپ گریڈ/نئے سکولز
1	جی ایچ ایس، بانڈہ شیخ اسماعیل	ہائی	تعمیر نو کی گئی
2	جی پی ایس، گھڑی مومن	پرائمری	تعمیر نو کی گئی
3	جی ایچ ایس ایس اکبرپورہ	ہائر سیکنڈری	تعمیر نو کی گئی
4	جی پی ایس، زخی قبرستان	پرائمری	تعمیر نو کی گئی
5	جی ایچ ایس ایس، شہید وسیم اقبال ترخہ	ہائر سیکنڈری	اپ گریڈ
6	جی ایچ ایس ایس، ڈاگئی	ہائر سیکنڈری	اپ گریڈ
7	جی ایچ ایس ایس، پشتون گھڑی	ہائر سیکنڈری	اپ گریڈ
8	جی ایچ ایس ایس، محب بانڈہ	ہائر سیکنڈری	اپ گریڈ
9	جی ایچ ایس ایس، زخی قبرستان	ہائر سیکنڈری	اپ گریڈ
10	جی ایچ ایس ایس، کڑوی	ہائر سیکنڈری	اپ گریڈ
11	جی ایم ایس، تنگی خٹک	مڈل	اپ گریڈ
12	جی ایچ ایس، کیمپ کورونہ	ہائی	اپ گریڈ
13	جی ایم ایس، شہاب خیل	مڈل	اپ گریڈ
14	جی ایم ایس، چوکی درب	ہائی	اپ گریڈ

15	جی ایچ ایس، سپین کانے خورد	ہائی	اپ گریڈ
16	جی ایم ایس، عجب باغ	مڈل	اپ گریڈ
17	جی ایچ ایس، بانڈہ نبی	ہائی	اپ گریڈ

گزشتہ چھ سالوں میں PK-64 (پرانا PK-13)میں تعمیر شدہ گرلز پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں کی تفصیل درجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	سکول درجہ	کل تعداد سکولز
1	اسٹیبلشمنٹ آف گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول	9
2	اپ گریڈیشن آف گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ٹو مڈل لیول	7
3	اپ گریڈیشن آف گورنمنٹ گرلز مڈل سکول ٹو ہائی لیول	9
4	اپ گریڈیشن آف گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹو ہائر سیکنڈری لیول	4
کل تعداد		29

محترمہ شگفتہ ملک: مننه چیئرمین صاحب، زما دا سوال جی دیکښې جی ما چې کوم تپوس کړے دے د PK-64 سکولونو حوالې سره، نو په دیکښې ما دوئ ته وئیلی وو چې دوئ کوم کوم داسېBasic چې کوم Needsدی، ضروریات دی، هغې نه د حلقې سکولونه محرومه دی، نو پکار دا ده چې دوئ په هغې کښې دا ډیټیل ما ته راکړے وے، دوئ صرف دا سکولونو لیکلی دی چې دومره سکولونه دی، دا Upgrade شو، دا نوے بلډنګ جوړ شو، په دیکښې جی د دې حلقې زه تاسو ته د یو یو سکول وئیلے شم چې په دیکښې داسې سکولونه هم شته چې د هغې تعداد دوه نیم سوه دے او په هغې کښې مونږ د فرنیچر، د چیئرز خبره اوکړو نو په هغې کښې پنځوس شپیته یا اویا چیئرز دی، اوس دیکښې چې باقی کوم سټوډنټس دی نو اوس دغه خلق چې دی، دا ماشومان، دا بچیان، بچیانې دا په زمکو باندې ناست دی او زیات تر داسې ماشومانې دی چې هغوی د خپل کور نه ځان سره څادر یا نور څه هغه چې دی، هغه راوړی۔ د دې نه علاوه جی میجارټی داسې سکولز دی چې په هغې کښې فرنیچر بالکل نشته جی۔ بیا داسې سکولونه شته چې د هغې کوم باؤنډری والز دی، چاردیواری چې کومه ده هغه نشته او بیا د جینکو سکولونه داسې دی چې په هغې کښې ما پخپله کتلی دی چې هغوی ځان

ته څادرې هغه کړی دی او هغوی ځان ته یو د پردې سسټم جوړ کړے دے ، نو د لته کښې مونږه خبرې ډیرې اورو چې د سکولونو د پاره د فرنیچر حوالې سره، بیا د واش روم زیاتې مسئلې چې دی جی په دې حلقه کښې د ټولو نه زیاتې په سکولونو کښې د واش روم ډیرې زیاتې مسئلې دی او داسې سکولنه شته چې هغه د جینکو سکولونه دی، اوس د جینکو په سکولونو کښې چې واش روم نه وی نو تاسو ته پته ده چې دا ماشومانې بیا د خپل سکول نه تر کورونو پورې ځی او مختلف مسائل دغه ماشومانو ته راپیښیږی چې هغه تاسو د روزانه په بنیاد ګورئ۔ نو دا جواب چې کوم دے جی، دا یو خو زه نه پوهیږم چې دا ډیپارټمنټ چې دے دا ولې د اسمبلئی ممبران او دا حکومت سیریس نه اخلی؟ چې کوم ډیپارټمنټ د سوال جواب رالیږی نو هغوی دا هم نه ګوری چې دې ممبر ما نه سوال څه کړے دے او جواب څه ورکوم؟ نو یو خو چیئرمین صاحب، لږ ستاسو د طرف نه لږ داسې Strict ruling پکار دے دے ډیپارټمنټ ته چې دا ګپ چې دوئ کوم لګوی د ممبرانو سره نو په دې تاسو له پکار دی چې تاسو لږ په دې باندې ایکشن واخلئی، زما خو به خواست وی، که دا لږ کمیټئی ته ریفر کړئ نو چې کوم کوم ایشوز دی په دې سکولونو کښې، دې حلقه کښې نو هغه به لږ دې کمیټئی کښې مونږ Highlight کړؤ۔ مننه۔

Mr. Chairman: Ji, concerned Minister Sahib.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا لیکن یہ جو اصل چیز ہے کہ جو انہوں نے کوسچن پوچھا ہے، دیکھیں Specific Question ہوتا ہے، کوسچنز آور کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ آپ نے کیا پوچھنا ہے؟ آپ نے پوچھا ہے کہ چھ سکولوں میں، چھ سالوں میں PK-64 میں کتنے سکولز بنائے گئے؟ تو وہ انہوں نے اس کا جواب دیا ہے کہ Upgrade کیا گیا ہے چھیالیس سکولوں کو، پھر اس میں Missing facilities کی بات کی، انہوں نے کہا کہ ہاں جی کوئی Missing facilities نہیں ہیں۔ اچھا، اب یہ کہ ایک ایک اس کا نام دیں، اس سے پھر یہ بنے گا کہ یہ کوسچن آیا ہے، یہ بنڈل میرے پاس پڑا ہے، اب یہ اس کو کون دیکھے گا؟ لیکن اس میں جو وقت ضائع ہوا ہے، جو پیسہ ضائع ہوا ہے جناب سپیکر، یہ دیکھیں بالکل کوسچن کریں، میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں لیکن اگر ہم جو چیز پوچھنا چاہتے ہیں، وہی پوچھیں تاکہ اسی کا جواب آئے۔ اب یہ تقریباً تین ارب روپے اب تک ہم خرچ کر چکے ہیں، فرنیچر اور

اس کے اوپر اور تین ارب کا ابھی ٹینڈر آنے والا ہے، تو جناب سپیکر، ان شاءاللہ تعالیٰ اسی اپنے Tenure میں ہماری یہ جو Missing facilities ہیں، فرنیچر ہے، یہ چیزیں ہیں، یہ ان شاءاللہ یہ پوری ہو جائیں گی، اسی اپنے Tenure کے اندر، یہ یقین میں دلاتا ہوں، باقی اگر یہ کو سچن بھیجنا چاہتے ہیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، بالکل بھیجیں۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that Question No. 15339 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The "Ayes" have it; referred to the concerned Committee. Question No. 15184, Janab Khushdil Khan.

* 15184 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا گرلز وبوائز سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹہ پر ٹیچر بھرتی کرنے کاارادہ رکھتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کے لئے اشتہار دیا گیا ہے، اگر جواب ہاں میں ہو تو اشتہار کی کاپی فراہم کی جائے، نیز ضلع پشاور میں کل کتنی آسامیاں کون کون سی کیٹیگریز ٹیچرز کی خصوصی افراد کے کوٹے میں کن کن سکولوں میں خالی ہیں، کیا خصوصی کوٹے کے علاوہ تمام آسامیوں پر تقرری کب کی گئی ہے، کون کونسی کیٹیگری میں کی گئی ہے، میل وفیمیل دونوں کے بارے میں تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم) (جواب وزیر محنت وثقافت نے پڑھا): (الف) جی ہاں، محکمہ ہذا میں گرلز وبوائز سکولوں میں خصوصی افراد کو مختص کوٹہ کے تحت بھرتی کیا جاتا ہے۔

(ب) جی ہاں، (اشتہار کی کاپی ایوان کو فراہم کی گئی)۔ ضلع پشاور میں محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم (مردانہ/زنانہ) میں خصوصی افراد کے کوٹے میں جن آسامیوں کو پر کیا گیا ہے، اس کی تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی)۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: چیئرمین صاحب، ډیره مننه۔ چیئرمین، دا کوئسچن زما ډیر Simple Question دے خو دومره مطمئن نه یمه، جواب Incomplete دے، زه دیکښې دا د ډیپارټمنټ نه انفارمیشن غواړمه چې تاسو چې کوم زمونږ رولز کښې Two percent disable quota ده، نو تاسو په ټیچرانو کښې تراوسه پورې څومره بهرتی کړی دی؟ نو هغې کښې په هر یو کیټیګری کښې SST نه واخله

PST پورې او کلاس فور پورې تاسو Two percent quota observe کړې ده یا نه ده کړې؟ او چې کړې مو ده نو څومره مو کړې ده؟ بل ما ورنه اشتهار کاپئ غوښتې دی چې تاسو ما له کله چې تاسو Appointment کوئ، Recruitment کوئ په ایجوکیشن کښې نو د هغې د پاره اشتهار، نو تاسو دا اوګورئ دا یو ګیډے ئے رالیږلے دے، یو ګیډے ئے رالیږلے دے خو دیکښې اشتهار یو هم نشته دے او دیکښې باقاعده لیکی چې یره مونږه اشتهار کړے دے او د اشتهار کاپی هم په دیکښې لف ده، دیکښې اشتهار نشته دے ځکه هغه اشتهار نه به ما ته انفارمیشن دا ملاؤ شی چې آیا دوئ د PST څومره پوسټونه ایډورټائز کړی دی، دوئ SST څومره کړی دی او Appointments څومره کړی دی او دیکښې Two percent quota راځی یا نه راځی؟ بل دویمه خبره داده چې دوئ ورسره یو لسټ رالیږلے دے، دا دا ډی ای او فیمیل دے، دا وائی چې PST مونږه 2019 کښې اووه تنه بهرتی کړی دی، په 2020 کښې Twenty disable او په 2021 تر اوسه پورې مونږه په زیرو کښې روان یو، نو دغسې په PST کښې، اوس دیکښې کم از کم دومره پکار دی چې PST خو اوګوری چې دوئ Appointment څومره کړے دے که مونږ د هغه کوټې ورنه Calculation اوکړو چې آیا دوئ Proper طریقې سره دا Apply کړې ده او که نه ده کړې؟ دغسې تاسو اوګورئ ده ډی ای او میل والا رالیږلے دے، هغه وائی چې تر اوسه پورې چې 2018 نه دیخوا هډو څوک بهرتی کړی نه دی، حالانکه هر کال ایلیمنټری اینډ سیکنډری ایجوکیشن ډیپارټمنټ ایډورټائزمنټ کوی، د استاذانو هر ځائے کښې ضرورت وی او د هغې په بنیاد باندې به مطلب دا دے چې کوټه، نو زما به دا خواست وی، منسټر صاحب خو نشته دے، که هر څوک ملګرے ما له جواب راکوی خو د هغې نه مخکښې به زه اووایم که دا چرې تاسو کمیټئ ته ریفر کړئ چې دا مونږ اوګورو، دا یو ښه Debatable Question دے، چې آیا دوئ د قانون مطابق کار کوی یا نه کوی، آیا دوئ هغه خلقو له خصوصی افرادو ته موقع ورکړې ده که نه ده ورکړې؟ They are qualified and eligible for the post نو زما به دا ریکویسټ وی چیئرمین صاحب۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی، Concerned Minister، شوکت یوسفزئی کا مائیک On کر دیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی(وزیر محنت وثقافت): بالکل، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، یہ بھیجنا چاہیں بھیج دیں اور اگر ان کو اشتہار چاہیئے، میں ڈیپارٹمنٹ سے کہہ دوں گا، اشتہار بھی دے دیں گے لیکن اگر یہ چاہتے ہیں کہ کمیٹی کو چلا جائے تو کوئی ایشو نہیں ہے کیونکہ اس میں جو کوٹہ ہے، واضح ہے، اس میں کوئی وہ ہے نہیں، Hanky panky ہے ہی نہیں، جو مخصوص کوٹہ ہوتا ہے معذوروں کے لئے یا اس کے لئے، اسی کے مطابق عملدرآمد ہوا اور اس کی ڈیٹیل دی گئی ہے لیکن اشتہار نہیں ہے، میں محکمے سے کہہ دوں گا کہ اگر اشتہار چاہیئے، ان کو وہ دے دیں گے، اگر یہ کہتے ہیں کہ کمیٹی کو بھیج دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: جی خوشدل خان۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دا کمیټئی ته اولیږئ، دا صرف د یو اشتهار خبره صرف نه ده، اؤ۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that Question No. 15184 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The “Ayes” have it; referred to the concerned Committee. Question No. 15224, Mohtarma Nighat Yasmeen Sahiba.

* 15224 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی کے شعبہ صحافت میں سال 2008 سے اب تک بین الاقوامی اداروں کے تعاون سے مختلف پراجیکٹس شروع کئے گئے ہیں جن پر خطیر رقم خرچ کی گئی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بین الاقوامی فنڈز سے شروع کئے گئے پراجیکٹس میں شعبہ صحافت اور یونیورسٹی کے دیگر ملازمین کے ساتھ طلباء اور دیگر افراد کی تعیناتی بھی کی گئی تھی؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2008 سے تاحال مذکورہ پراجیکٹس کے نام پر کتنا فنڈ کس کس مد میں موصول ہوا، تمام فنڈز کی سالانہ تفصیل اور پراجیکٹس سے وابستہ تمام افراد کے نام، عہدہ اور ان کو کی گئی ادائیگی کی سالانہ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب کامران خان بنگش(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے، پشاور یونیورسٹی کے شعبہ صحافت میں 2008 سے اب تک ایک پراجیکٹ جرمن ادارہ برائے ترقی کے تعاون سے مکمل ہوا۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے، کہ اس پراجیکٹ میں شعبہ صحافت اور یونیورسٹی کے ملازمین کو GTZاور یونیورسٹی کی باہمی مشاورت سے تعینات کیا گیا تھا۔

(ج) اس ضمن میں عرض ہے کہ اس پراجیکٹ کی کل لاگت ایک لاکھ 73 ہزار 367یورو تھی جو کہ پاکستانی دو کروڑ 53لاکھ 52ہزار 310 روپے بنتی ہے۔ تمام فنڈز کی تفصیلات اور پراجیکٹس سے وابستہ تمام افراد کے نام، عہدہ اوران کو کی گئی ادائیگی سالانہ تفصیل لف ہے۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو جی، یہ میرا کوسچن جو ہے تو وہ وزیر برائے اعلیٰ تعلیم سے ہے اور اس کوسچن میں جو میں نے تفصیلات مانگی تھیں وہ انہوں نے مجھے دی ہیں اور میں اس کوسچن سے مطمئن ہوں، کیونکہ تفصیل سے جب کوسچن کا جواب دیا جاتا ہے تو وہ اس کا منسٹر اور اس کا ڈیپارٹمنٹ جو ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ اچھا کام کر رہا ہوتا ہے اور جو کوسچن تفصیل سے نہ دیا جائے، اس میں ہیرا پھیری کی جائے تو اس کا مطلب ہے کہ اس کا منسٹر بھی نالائق ہے اور اس کا ڈیپارٹمنٹ بھی نالائق ہے، تو میں اس کوسچن سے مطمئن ہوں، جو بھی اس کا منسٹر ہے، مجھے نہیں پتہ، کامران ہے شاید۔۔۔۔

جناب چیئرمین: کامران بنگش صاحب۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کامران، جس کو ہمیشہ میں کہتی ہوں کہ یہ بہت زیادہ ذہین بھی ہے، یہ بہت زیادہ مطلب ہے طریقے سے، اپنا کام بہت اچھے طریقے سے کرتا ہے اور ہمیشہ میں نے اس کی تعریف کی ہے، چھوٹے بھائیوں کی حیثیت سے، تو میرا خیال ہے کہ انہوں نے جو جواب دیا ہے تو میں اس سے مطمئن ہوں اور تھینک یو کامران کہ آپ نے اتنا تفصیل سے مجھے جواب بھی دیا اور میں آپ کے سوال سے مطمئن بھی ہوں اور آپ کے ڈیپارٹمنٹ کو اور آپ کو، اللہ تعالیٰ آپ کو اور بھی کامیابی دے کیونکہ آپ بہت محنت سے کام کرتے ہیں اور میں نے ہمیشہ جو بھی محنت سے کام یہاں پہ منسٹر کرتا ہے، میں نے اس کی تعریف کی ہے اور یہ سیاست جو ہے تو یہ مخالفت برائے مخالفت ضرور ہوتی ہے سیاست، میرے اور آپ کے نظریات میں بہت فرق ہوگا لیکن اس کے باوجود جو آپ ڈیپارٹمنٹ کے لئے کام کر رہے ہیں، وہ قابل تحسین ہے۔Thank you very much.

Mr. Chairman: Thank you. Question No. 15346, janab Shakeel Bashir Sahib. Janab Shakeel Bashir Sahib lapsed. Question No. 15269, Mohtarma Humira Khatoon Sahiba.

* 15269 _ محترمہ حمیرا خاتون: کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مالی سال 20-2019 اور 21-2020 کے دوران صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت کتنی رقوم رکھی گئی تھیں، مذکورہ عرصہ کے دوران خرچ ہونے والی رقوم کی ضلع وار مالیت کیا ہے;

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ کے تحت سالانہ اے ڈی پی میں رکھی گئی رقوم میں کتنی خرچ اور کتنی رقوم Lapse ہوئی ہیں، خرچ شدہ اور واپس شدہ رقوم کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ج) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ میں بھرتی ہونے والے افراد کی سکیل اور ضلع وار تعداد کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) مالی سال 20-2019 اور 21-2020 کے دوران صوبہ بھر میں محکمہ کے منسلک اور ٹیسکو کے تحت رکھی گئی رقوم اور خرچ ہونے والی رقوم کی ضلع وار مالیت کی تفصیل لف ہے۔(تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی)۔

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ ہذا اور اس سے منسلک اداروں کے تحت سالانہ اے ڈی پی میں رکھی گئی رقوم کی خرچ اور Lapsed کی تفصیل لف ہے۔(تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی)۔

(ج) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ ہذا اور اس سے منسلک اداروں میں بھرتی ہونے والے افراد کی سکیل اور ضلع وار تعداد کی تفصیل لف ہے۔(تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی)۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، چیئرمین صاحب۔ چیئرمین صاحب، میں نے جو سوال پوچھا ہے، اس میں میں نے محکمے سے یہ پوچھا ہے کہ ان کی پچھلی تین سالہ جو کارکردگی ہے اس کے اندر انہوں نے فنڈز کتنے Allocate کئے ہیں، اس میں Lapse کتنے ہوئے ہیں اور جو ان کے Pipeline کے اندر منصوبے ہیں، وہ کون سے یا کس اس پہ ہیں؟ پہلے تو میں یہاں پہ یہ ایک بات واضح کرتی جاؤں کہ کسی بھی ڈیپارٹمنٹ یا کسی بھی ادارے کی طرف سے جب ان کو فنڈ Allocate ہوتا ہے اور اس فنڈ میں سے ان سے فنڈ Lapse ہوتا ہے تو Lapse ہونا جو ہے، یہ اس ادارے کی انتہائی ناقص کارکردگی ہوتی ہے، اس لئے کہ ہم تو یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں اور اکثر یہاں پہ ہمیشہ فنڈ ہی کا رونا رویا جاتا ہے کہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں لیکن یہ ایک بہت بری یعنی ایک روایت ہوتی ہے کہ آپ اداروں کو یا ڈیپارٹمنٹ کو فنڈز بھی دیتے ہیں اور وہ آپ کے جواب میں آپ کو یعنی وہ تسلیم بھی کر رہے ہیں سوال میں کہ جی ہم سے فنڈ Lapse ہوا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس ڈیپارٹمنٹ سے پوچھا جائے کہ ان سے فنڈ Lapse کیوں ہوا ہے؟ دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے جو کوہستان، تورغر، کرم، جنوبی وزیرستان، شمالی وزیرستان اور اورکزئی کے جو انہوں

نے Allocate کر کے بتایا ہوا ہے کہ یہاں پہ اتنا فنڈ استعمال ہوا ہے، تو یہ جو انہوں نے یہاں پہ دیا ہوا ہے جواب کے اندر تو یہ بالکل غلط ہے، یہ بالکل استعمال نہیں ہوا۔ تیسری بات یہ ہے کہ جو انہوں نے Jobs دی ہوئی ہیں، تو میرا ایک یہ بھی اس میں ضمنی سوال ہے کہ جو ملازمین رکھے گئے ہیں، تو آیا ان کے لئے کون سا Criteria استعمال کیا گیا ہے اور کن کن اخبارات کے اندر اشتہارات دیئے گئے ہیں؟ کیا آیا وہ ڈسٹرکٹ کے وہ اخبارات تھے جو عام عوام پڑھتے ہیں؟ اور آخر میں میرا جو ضمنی سوال ہے، وہ یہ ہے کہ یہ جو Pipeline میں انہوں نے منصوبے دیئے ہیں، ایک دس منصوبے ہیں جو ان کے Pipeline میں ہیں تو یہ اس وقت کون سی پوزیشن میں ہیں اور یہ کب پایہ تکمیل تک پہنچیں گے؟

<u>جناب مسند نشین</u>: جی، کنسرنڈ منسٹر صاحب، جی فضل شکور صاحب، ان کا مائیک On کر دیں۔

<u>جناب فضل شکور خان (وزیر قانون)</u>: سر، بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میڈم کو پہلے سر، انہوں نے بھرتی کے بارے میں جو کہا ہے تو اس کے بارے میں میں جواب دوں گا کہ جو Criteria ہے سر، جو رولز ہیں، ریگولیشنز ہیں، ان سب کو، اس کے مطابق ساری بھرتی ہوئی ہے۔ یہ جو اصل میں یہ ڈیپارٹمنٹ تین اس میں تقسیم ہے، ایک Electric Inspectorate ہے، ایک PEDO ہے اور اس میں KPOGCL ہے، تو اس میں یہ جو PEDO میں بھرتی ہوئی ہے یہ تو ساری ایٹا کے ذریعے سے بھرتی ہوئی ہے، KPOGCL کمپنی ہے، اس کے اپنے ریگولیشنز ہیں، اس کے مطابق بھرتی ہوئی ہے، وہ سارا کچھ اگر میڈم کہتی ہیں، ہم ان کو وہ سارے Provide کر دیں گے جو انہوں نے مانگے نہیں ہیں، انہوں نے صرف تفصیل مانگی تھی کہ کتنی بھرتی ہوئی ہے؟ اس کا جواب دیا گیا ہے۔ دوسرا انہوں نے جو کہا ہے کہ کسی جگہ، میرے خیال میں انہوں نے دو ڈسٹرکٹس بتائے ہیں کہ ادھر خرچ نہیں ہوئے ہیں، تو ڈیپارٹمنٹ نے پوری تفصیل دی ہوئی ہے کہ یہ پیسے خرچ ہوئے ہیں۔ اگر میڈم کے پاس اس طرح کے کوئی کاغذات ہیں، کوئی اس طرح کے ثبوت ہیں کہ یہ پیسے، فنڈز خرچ نہیں ہوئے ہیں تو ہمیں دے دیں، ڈیپارٹمنٹ بھی یہاں ہے، اگر غلط بیانی کی ہے ڈیپارٹمنٹ نے تو سر، جو آپ کی چیئر جو مناسب سمجھے اسی طرح ہو گا۔ باقی تفصیل سے پورا جواب موجود ہے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: جی چیئرمین صاحب، میں نے جو اہم باتیں پوچھی ہیں اس میں، اس کی وضاحت آئی ہی نہیں ہے، میں یہ کہہ رہی ہوں کہ ایک ڈیپارٹمنٹ کو آپ نے فنڈز دیئے ہیں، آپ اس میں تسلیم کر

رہے ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ کو فنڈز دیئے گئے ہیں اور یہ بھی سوال کے جواب میں تسلیم ہو رہا ہے کہ فنڈز Lapse ہوئے ہیں، میں یہ پوچھنا چاہ رہی ہوں کہ فنڈز کہاں گئے، کہاں سے Lapse ہو گئے؟ ایک بات، دوسری بات یہ ہے کہ جو Pipeline کے اندر منصوبے ہیں، وہ دس منصوبے آپ نے دیئے، وہ دس منصوبے کب پایہ تکمیل تک پہنچیں گے اس کا کوئی ٹائم فریم نہیں ہے؟ اور تیسری بات یہ ہے کہ، اگر میرے پاس ثبوت ہیں تو وہ میں ادھر آپ کے سامنے پیش تو نہیں کر سکتی، آپ اس کو کمیٹی میں ریفر کریں گے تو میں کمیٹی میں ثبوت پیش کر دونگی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر صاحب۔

<u>وزیر قانون</u>: سر، Lapse کا تو اس طرح ہے کہ یہ ٹیکنیکل وہ ہے، پیسے Lapse ہو جاتے ہیں، اس طرح نہیں ہے کہ کوئی کرپشن کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے کوئی مسئلہ بنتا ہے، یہ ہر ڈیپارٹمنٹ میں ہر جگہ پہ ہوتا ہے، یہ کوئی اتنا بڑا ایشو نہیں ہے کہ آدمی اس کو چیلنج کرے اس بات کو، لیکن پھر بھی اگر میڈم کی تسلی نہیں ہے تو اگر یہ اس کو کر دیں تو میرے خیال میں مطمئن ہو جائیں تو بہتر ہو گا۔ سر، باقی ساری ڈیٹیل دی ہوئی ہے، میں اس بات پہ I don’t know, lapse ہونے والے سر، کوئی اتنا بڑا ایشو نہیں ہے، ہر ڈیپارٹمنٹ میں پیسے Lapse ہو جاتے ہیں۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: جناب چیئرمین۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ایک منٹ، وہ جواب دے رہے ہیں جی۔ جی تیمور صاحب۔

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ صحت)</u>: سر، اس میں یہ ہے، اپنا وہ سی ایم صاحب بھی ابھی بیٹھے تھے، انہوں نے بھی ابھی یہ کیا، پچھلے اگر آپ تین سال لے لیں تو Lapse ایک روپیہ بھی نہیں ہوا، یہ ضرور ہو سکتا ہے کہ ڈیپارٹمنٹس اپنے بجٹ Fully نہیں خرچ کر سکتے لیکن یہ پتہ نہیں کہ لوگ سنتے نہیں ہیں یا کیا ہے؟ ہر سال، اگر آپ لے لیں اور یہ ابھی سے نہیں، میں نے بیس سال کا ریکارڈ بجٹ بک میں دکھایا ہے، جو Budgeting ہوتی ہے چونکہ وہ Receivable اور Provisional spending کی Basis میں ہوتی ہے، Budgeting میں اور Actual expenditure میں دس سے بیس فیصد کا فرق ہوتا ہے، اگر اس گورنمنٹ کے کریڈٹ کو ایک بات جاتی ہے تو وہ یہ کہ Covid جیسے مشکل حالات میں ہم نے یہ Decide کیا کہ ہم Spending maximize کریں گے، تو پچھلے دو سال میں ہم نے اپنا Account balance negative کو بھی جانے پہ چھوڑ دیا، اپنے Over draft limit کے اندر

تاکہ Spending maximum ہوتاکہ صوبے میں ترقی کی شرح کم نہ ہو، تو یہ میں صرف Clarify کرنا چاہتا ہوں کہ اس کا مطلب یہ کہ پیسہ تو ایک بھی Lapse نہیں ہوا، بلکہ پچھلے سال تقریباً جو صوبائی ڈیویلپمنٹ بجٹ کی میں بات کر رہا ہوں ایک سو پچاس (150) ارب روپے کا بجٹ تھا، ایک سو اسی (180) ارب روپے تقریباً ریلیز ہوئے اور میرے خیال میں جب Final figures locking ہونگے جو اکاؤنٹنٹ جنرل کرتا ہے تو کوئی ایک سو ساٹھ، ایک سو پینسٹھ (160, 165) ارب روپے کی Spending ہوگی، ہاں اب یہ ضرور ہے ایک ڈیپارٹمنٹ کی Spending capacity کم ہے، وہ پیسے کہیں اور لگ جاتے ہیں لیکن For the record کہ Lapse ایک روپیہ بھی نہیں ہوا۔

محترمہ حمیرا خاتون: سپیکر صاحب۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ حمیرا خاتون: اس میں میں یہ کہنا چاہونگی کہ سوال کا جواب آپ کے سامنے بھی پڑا ہوا ہے، اس سوال کے جواب کے جز (ب) میں آپ دیکھ لیں، میں نے ان سے پوچھا ہے کہ Lapse رقوم کی ہوئی ہیں، جواب میں انہوں نے کہا ہے، خود ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے، میں تو یہ نہیں کہہ رہی منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ ایک منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں Lapse ہونا کوئی بڑی بات نہیں ہے اور دوسرے منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہوا ہی نہیں ہے، تو پھر آپ کے ڈیپارٹمنٹ نے کیوں جواب دیا ہے کہ Lapse ہوئے ہیں؟ ظاہر ہے پیسے Lapse ہوئے ہیں، میں نے تو یہ نہیں کہا کہ کرپشن ہوئی ہے، یہ تو آپ لوگوں نے خود اس سے Assume کیا ہے، میں تو یہ کہہ رہی ہوں کہ اس کی تحقیقات ہونی چاہئیں، اگر پیسے صحیح نہیں لگے اور نہیں لگے، اس کے جواب میں آئی ہوئی ہے یہ بات، لہذا اس کو کمیٹی میں ریفر کریں تاکہ وہاں پہ اس کی تحقیقات ہوں۔ دوسرا جو انہوں نے خرچ بھی کئے ہیں، وہ خرچ بھی ادھر اتنے نہیں ہوئے جتنے انہوں نے یہاں پہ دکھائے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: سر، میرے خیال میں ڈیپارٹمنٹ نے پورا مکمل جواب دیا ہوا ہے تو ہم کمیٹی میں اس کے جانے کے لئے اس کے ساتھ Agree نہیں ہیں۔

جناب مسند نشین: ویسے میڈم، جو آپ بات کر رہی ہیں میڈم، میڈم، جو آپ بات کر رہی ہے ناں۔۔۔

محترمہ حمیرا خاتون: آپ کا ڈیپارٹمنٹ خود یہ مان رہا ہے کہ ہم سے پیسے Lapse ہوئے ہیں، میں اس پہ زیادہ بحث نہیں کرنا چاہ رہی ہوں، اچھا نہیں لگتا ناں، اب Lapse ہوئے ہیں، Lapse ہونے کا کیا مطلب ہے، یہ آپ سب کو پتہ ہے، اگر آپ لوگ کرنا چاہتے ہیں، اس کی تحقیقات چاہتے ہیں جو آپ نے فنڈز خرچ کئے، وہ ہوئے نہیں ہیں، جو پیسے رکھ دیئے وہ Lapse ہوئے ہیں اور جو آپ کے Pipeline میں منصوبے ہیں، اس کے پاس کوئی ٹائم فریم نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، میڈم۔

The motion before the House is that Question No. 15269 may be referred to the concern Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'and those who are against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Chairman: The 'Noes' have it, defeated. Question No. 15387, Mohtarma Baseerat Khan Sahiba, Mohtarma Baseerat Khan Sahiba, lapsed. Question No. 15310, janab Sirajuddin Sahib, lapsed. Question No. 15568, janab Ahmad Kundi Sahib.

* 15568 _ جناب احمد کنڈی: کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں پن بجلی کے منصوبے لگانے کے لئے پیڈو کا ادارہ موجود ہے اور پیڈو صوبے میں بجلی پیدا کرنے والے منصوبوں کا مرکزی ادارہ ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) مذکورہ ادارہ معرض وجود میں آنے کے بعد صوبے میں کتنے منصوبے لگا رکھے ہیں;

(2) مذکورہ منصوبوں پر کتنی لاگت آئے گی، تمام منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے;

(3) مذکورہ منصوبوں سے سالانہ کتنی میگاواٹ بجلی پیدا ہو گی اور ان منصوبوں سے صوبے کو سالانہ کتنا فائدہ ہو گا، تمام منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(1) محکمہ پیڈو نے معرض وجود میں آنے کے بعد اب تک سات منصوبے مکمل کئے ہیں۔

(2) ان تمام منصوبوں پر کل تیئس ارب روپے لاگت آئی ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(3) ان منصوبوں سے ایک سو اکسٹھ اعشاریہ دو (161.2) میگاواٹ بجلی پیدا کی جا رہی ہے اور ان منصوبوں سے نو سو باسٹھ اعشاریہ سات (962.7) ملین یونٹس سالانہ پیدا کئے جاتے ہیں۔ ان منصوبوں

سے پیدا ہونے والی بجلی کی مرکز کو فروخت کی مد میں صوبے کو مالی سال 20-2019 میں تین ہزار پانچ سو (3500) ملین روپے وصول ہوئے اور آئندہ مالی سال میں چار ہزار پانچ سو پچیس (4525) ملین روپے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ منصوبوں کی الگ الگ تفصیل گزشتہ اور موجودہ مالی سال کی تفصیل لف ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

S. No	Name of Project	Capacity (MW)	Cost Rs. Million	Annual Energy Gwh	Annual revenue Rs. Million	Mode of Financing
A	Optional Projects					
1	Malakand-III HPP Dargai	81	6.379	553	2270(ave)	ADP:HDF
2	Pehur HPP Distt: Swabi	18	862	57.2	300	ADP:HDF
3	Shishi HPP Distt: Chitral	1.87	268	16	10	ADP:HDF:
4	Reshun HPP Distt: Chitral	4.2	238	22	32	ADP:HDF
5	Daral HPP Distt: Swat	36.6	8492.96	200	1300	ADP:HDF: ADB
6	Ramolia HPP Distt: Kohistan	17	5249	100.5	462	ADP:HDF: ADB
7	Machai HPP Distt: Mardan	2.6	1502	14	150	ADP:HDF: ADB
	Total	161.2	23009	962.7	4524	

جناب احمد کنڈی: شکریہ چیئرمین صاحب، بڑا اہم سوال ہے اور میں نے تو سوال یہ کیا تھا جو ہمارے Completed projects کتنے ہیں، ہائیڈل کے اور Ongoing projects کتنے ہیں؟ انہوں نے Completed projects کی ڈیٹیلز دی ہیں لیکن میں آپ کو مثال دوں، آپ مالاکنڈ تھری 2008 میں Commissioned ہوا ہے تو اس کی ڈیٹیل، انہوں نے Average سارا ڈیٹا اکٹھا کر کے ہمیں دے دیا، میرا اس ڈیٹا سے تھوڑا سا اختلاف ہے اور جس طرح پہیور ہمارا 2010 میں Commissioned ہوا ہے، وہ بھی انہوں نے دس بارہ سال کا سارا ڈیٹا اکٹھا کر کے ایک ٹیبل میں دیا ہے، حالانکہ میں نے Mention کیا ہے، اس کی مجھے آپ علیحدہ سے ڈیٹیل دیں تاکہ ہم اس کے اوپر کوئی Critical note دیں، جس سے حکومت کو فائدہ ہوگا اور جو Ongoing projects ہیں ان کی ڈیٹیلز بھی نہیں دی گئیں، تو میری اپنی ذاتی خواہش تو یہی ہے، یہ کمیٹی کو بھیج دیں تو زیادہ بہتر ہوگا اور میری دوسری گزارش یہ ہے، چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، جو ہمارا انرجی اینڈ پاور کا جو ڈیپارٹمنٹ ہے،

جناب سپیکر، ویسے تو سارے ڈیپارٹمنٹس Important ہیں لیکن ہمارے صوبے کا جو مقدمہ ہے وہ انرجی اینڈ پاور ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہے، آپ اگر Net hydel profit کو لیں انرجی اینڈ پاور، آپ اگر IG SAP کو لیں، انرجی اینڈ پاور، آپ اگر نیچرل گیس کو لیں، انرجی اینڈ پاور، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کو لیں، پیٹرولیم پراڈکٹس کے اوپر جو ہمارا صوبہ سب سے زیادہ پیدا کرتا ہے، انرجی اینڈ پاور، میری گزارش یہ ہوگی، یہ محکمہ فل ٹائم منسٹر مانگتا ہے، چیف منسٹر صاحب Overloaded ہیں، Kindly میری یہ Suggestion ہے، اگر چیف منسٹر صاحب انرجی اینڈ پاور کے لئے ایک علیٰحدہ منسٹر رکھیں تو میرے خیال میں اس صوبے کو بے تحاشہ فائدہ ہوگا اور اس سوال پہ مجھے اعتراض ہے، اگر یہ کمیٹی کو چلا جائے تو اس پہ ہم بڑی Constructive قسم کا Out put دے سکتے ہیں۔ شکریہ۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر صاحب۔

<u>جناب ہمایون خان</u>: سپلیمنٹری، سپلیمنٹری۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی جی، ہمایون صاحب، ہمایون صاحب۔

<u>جناب ہمایون خان</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، جس طرح کنڈی صاحب نے پورے صوبے کے لئے بات کی ہے تو ہمارے ضلع دیر میں کوٹو ہائیڈل پاور پراجیکٹ ہوا ہے، پیڈو سے زیر تعمیر ہے، اس کی Completion کا جو پیریڈ تھا وہ 2020 کو اس کی Completion تھی، ابھی تک اس میں پتہ نہیں ہے کہ کس وجہ سے ہم نے جب لوکل ان سے پوچھا، اس کا جو PD (Project Director) ہے وہ کہہ رہے ہیں کہ جی اس کی تقریباً کروڑوں روپے روزانہ کی آمدن ہوگی اور اس کی جو مشینری ہے، شاید کسی کراچی پورٹ میں پڑی ہوگی یا کیا ہے؟ تو اس کے لئے Kindly کوئی اس طرح طریقہ بتائیں کہ وہ چالو ہو سکے، کیونکہ اس سے انتالیس (39) میگاواٹ بجلی پید ہوگی، چودہ ارب روپے کی سکیم ہے تو کیوں کیا ہمیں اپنے وہ، جیسے ہماری انرجی ہے اس کام کے لئے ہم نے یہ اتنے پیسے خرچ کئے ہیں صوبائی حکومت سے، تو کم از کم اس صوبے کی آمدن ہوگی، یہ سپلیمنٹری ہے، جی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی کنسرنڈ منسٹر صاحب، فضل شکور صاحب۔

